NKT/KS/17/5077

# Bachelor of Science (B.Sc.) Semester II (CBS) Examination

## URDU

## Compulsory Paper–2

Time : Three Hours] [Maximum Marks : 60

**N.B.**:– All questions are compulsory.

سوال نمبر۱۔ درج ذیل میں سے کسی ایک پر مضمون لکھئے۔ 12

(۱) تعلیم نسواں کی اہمیت

(۲) محنت کامیابی کی ضمانت

(۳) جدید ٹیکنالوجی وقت کی اہم ضرورت

(۴) ملک کی ترقی میں نوجوانوں کا کردار

سوال نمبر۲۔ (الف) درج ذیل سوال کا مفصل جواب تحریر کیجئے۔ 6

(۱) نادرشاہ نے شاہی بیگمات پر افسوس کیوں کیا؟

**یا**

انصاف اور غیر جانب داری جیسے اوصاف انسان میں کیسے پیدا ہو سکتے ہیں؟

(ب) درجِ ذیل سوال کا مفصل جواب لکھئے۔ 6

(۱) نظم صدیق کے حوالے سے حضرت ابوبکر صدیقؓ کی سیرت کا جائزہ لیجئے۔

**یا**

حافظ ولایت اللہ نے ''تذکیر و تانیث'' میں کن الفاظ سے مزاح پیدا کیا ہے؟

سوال نمبر۳۔ (الف) درج ذیل سوالات کے مختصراً جوابات تحریر کیجئے۔ 6

۱۔ مہارانا پرتاپ کیوں پریشان دکھائی دے رہے تھے؟

۲۔ غزل کو کن لوگوں نے مقبولِ خاص و عام بنایا؟ تحریر کیجئے۔

**یا**

۳۔ مہارانا پرتاپ نے مان سنگھ کی بات کا کیا جواب دیا؟

۴۔ حالی کے مطابق غزل کی اصلاح کیوں ضروری ہے؟



rtmnuonline.com

(ب) ذیل میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے۔ 6

(۱) علی اکبر کی شہادت

(۲) در مدح پھول

سوال نمبر۴۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح بحوالہ شاعر کیجئے۔ 6

۱۔ وہ دلنواز ہے لیکن نظر شناس نہیں
مرا علاج مرے چارہ گر کے پاس نہیں
تڑپ رہے ہیں زباں پر کئی سوال مگر
مرے لیے کوئی شایان التماس نہیں

۲۔ وہ شخص دور سے کتنا قریب لگتا تھا
گلے لگا ہے تو ایک فاصلہ سا لگتا ہے
فضا بدلنے کی رفتار کا یہ عالم ہے
ذرا جو دیر ہوئی گھر نیا سا لگتا ہے

**یا**

۳۔ تم تو یارو ابھی سے اٹھ بیٹھے
شہر میں رات جاگتی ہے ابھی
وقت اچھا بھی آئے گا ناصرؔ
غم نہ کر زندگی پڑی ہے ابھی

۴۔ سکت رہے نہ رہے حوصلہ ضروری ہے
بہت ہے فرد میں ہمت اگر ذرا سی ہے
غزل میں کوئی نئی بات بھی تو ہو شاہدؔ
ادب میں آپ کی شہرت تو اچھی خاصی ہے

(ب) درج ذیل سوالات کے مختصراً جوابات تحریر کیجئے۔ 6

(۱) نادر شاہ کو کن چیزوں نے حیرت میں ڈال دیا؟

(۲) خاں صاحب کی صاف گوئی کا ایک واقعہ تحریر کیجئے۔



rtmnuonline.com

(۳) حضرت علی اکبرؓ کی شہادت کے وقت حضرت امام حسین کی کیا حالت تھی؟

(۴) بکاؤلی کے غصے سے سبھی کا کیا حال تھا؟

یا

(۵) 'خطائے مرکب' کسے کہتے ہیں؟

(۶) خاں صاحب نے باغ کہاں لگایا تھا؟

(۷) 'اکبر ثانی' کسے کہا جاتا ہے؟

(۸) پھول کے چوری ہونے پر بکاؤلی کی کیا کیفیت ہوئی؟

سوال نمبر۵۔ (الف) درج ذیل میں سے کسی ایک رباعی کی تشریح بحوالہ شاعر کیجئے۔ 5

۱۔ کیا فائدہ فکر بیش و کم سے ہوگا
ہم کیا ہیں جو کوئی کام ہم سے ہوگا
جو کچھ ہوا ہوا کرم سے تیرے
جو کچھ ہوگا ترے کرم سے ہوگا

۲۔ کم ظرف اگر دولت و زر پاتا ہے
مانند حباب ابھر کے اتراتا ہے
کرتے ہیں ذرا سی بات میں فخر خسیس
تنکا تھوڑی ہوا سے اڑ جاتا ہے

(ب)(۱) درج ذیل سوالوں کے مختصر جواب لکھئے۔ 4

۱۔ شاہد کبیر کا مکمل نام اور ان کی جائے پیدائش لکھئے۔

۲۔ مدحت الاختر کے مجموعہ کلام کے نام لکھئے۔

(ب)(۲) درج ذیل شعر میں صنعت پہچانئے اور اس کی وضاحت کیجئے۔ 3

نازکی اس کے لب کی کیا کہیے
پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے

☆☆☆☆☆



rtmnuonline.com